نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغاخان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

صوبہ بھر میں ذخیرہ اندوزوں اور مہنگی کھاد بیچنے والوں کے خلاف کاروائیاں تیز کرنے کے لئے کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کو ہدایات جاری کردی گئیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور: 17دسمبر2022 ( ) ترجمان محکمہ زراعت کے مطابق کسی کو مہنگی کھاد بیچنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ذخیرہ اندوزوں اور مہنگی کھاد بیچنے والوں کے خلاف کاروائیاں تیز کرنے کے لئے کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کو ہدایات جاری کردی گئی ہیں۔کاشتکار صوبہ میں کسی بھی جگہ یوریا کی ذخیرہ اندوزی اور زیاددہ قیمت میں ملوث افراد کے خلاف شکایات بذریعہ ایس ایم ایس/واٹس ایپ پرفون نمبر 0300-2955539 پر کریں۔ترجمان نے مزید کہا کہ صوبہ بھر میں یوریا کھاد کی ذخیرہ اندوزی اور زیادہ قیمت پر فروخت کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہیں۔اس جرم میں ملوث 439افراد کے خلاف ایف آئی آرز کا اندراج عمل میں لایا جاچکا ہے۔ان میں سے 150افراد کو یوریا کھاد کی ذخیرہ اندوزی اور بلیک مارکیٹنگ میں ملوث پائے جانے پر گرفتار کیا گیا ہے اور 5 کروڑ 57لاکھ روپے سے زیادہ جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ صوبہ پنجاب میں ربیع 2022 کے دوران قریباً23لاکھ 50 ہزار میٹرک ٹن یوریا کھاد کی ضرورت ہے اور صوبہ میں کسی جگہ یوریا کھاد کی کوئی قلت نہیں ہے۔

☆☆☆☆☆